29/04/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  شبیر الزمان سے خبریں سُنئے

عدولی

پاکستان کی طرف سے کنٹرول لائن کے پار سے بلا اشتعال فائرنگ کے واقعات پیش آنے کا سلسلہ لگاتار جاری ہے ۔ تازہ واقعہ میں پاکستانی فوج نے کپواڑہ اور بارہمولہ اضلاع نیز جموں کے اکھنور سیکٹر میں حدِ متارکہ کے پار سے فائرنگ کر کے سیز فائر معاہدے کی عدولی کی ہے ۔ البتہ بھارتی فوج نے بھی اس اشتعال انگیزی کا بھر پور اور مناسب جواب دیا ہے ۔

اسمبلی

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نےجموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے خصوصی اجلاس میں پہلگام حملے کی سخت مذمت کرتے ہوئے سوگوار کنبوں کے ساتھ یکجہتی ظاہر کی ہے ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ وہ اس معاملے پر کسی طرح کی کوئی سیاست نہیں کریں گے ۔ اس سے پہلے خصوصی اجلاس میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے ایک مذمتی قرارداد پیش کی جسے بحث کے لئے پاس کیا گیا ۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے سبھی جماعتوں کے ارکان نے یک زبان ہو کر پہلگام دہشت گردانہ حملے کی پُر زور مذمت کی ۔ قرار داد میں حملے کے بعد وادی کے لوگوں کی طرف سے یکجہتی ، ہمدردی اور مہمان نوازی کا بے مثال مظاہرہ کرنے کی تعریف کی گئیں۔

حج

جموں کشمیر حج کمیٹی کی طرف سے حج 2025 کے عازمین کے لئے سفری دستاویزات حاصل کرنے کا شیڈول جاری کیاگیا ہے ۔ حج کمیٹی کی نوٹس کے مطابق ضلع سرینگر سے تعلق رکھنے والے کَوَر نمبر تین سے کور نمبر 1396 تک کے عازمین اپنے دستاویزات حج ہاوس بمنہ سے یکم مئی کو حاصل کر سکتے ہیں ، جبکہ کور نمبر 1398 سے کور نمبر 2048 تک اپنے دستاویزات دو مئی کو حاصل کر سکتے ہیں ۔

اسی طرح سے باقی اضلاع سے تعلق رکھنے والے سبھی عازمین کرام بھی اپنے اپنے سفری دستاویزات ایک اور دو مئی کو اپنے متعلقہ ڈپٹی کمشنروں کے دفاتر سے حاصل کر سکتے ہیں ۔ جیسا کہ پہلے ہی خبر دی جا چکی ہے کہ سرینگر کے بین الاقوامی ہوائی اڈے سے عازمین کرام کی روانگی کا سلسلہ چار مئی سے شروع ہو کر 15 مئی تک جاری رہے گا ۔

سیاح

پہلگام حملے کے بعد پیدا شدہ صورتحال کے با وجود متعدد سیاح یہاں کے سیاحتی مقامات کی خوبصورتی سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ یہ سیاح یہانکے لوگوں کی فراخدلی ، نرم مزاجی اور بے مثال مہمان نوازی کی تعریف کر رہے ہیں۔ کئی سیاحوں نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے ملک کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ بلا کسی خوف خطر کے وادی کی سیر پر آئیں۔

اُدھر جموں ڈویژن کے گلدانہ اور چھتر گالہ جیسے علاقوں میں بھی سیاحوں کی اچھی خاصی تعداد موجود ہے ۔ مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے بھدرواہ کے سیاحتی مقامات سے سیلانیوں کی ایک تصویر شئیر کی ہے ۔

ہندواڑہ

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہندواڑہ جاوید نسیم مسعودی نے غذائی سلامتی اور معیارات سے متعلق 2006 کے ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے کے مرتکب تاجروں پر 29 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا ہے ۔ قصوروار تاجروں پر غیر معیاری اور غلط برانڈنگ والی چیزیں فروخت کرنے کا الزام ہے ۔ افسر موصوف نے ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کو متنبہ کیا ہے کہ وہ قانون کے مطابق اپنا کاروبار کریں بصورت دیگر ان کے خلاف ضابطے کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی ۔

جینتی

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھگوان پرشو رام جینتی پر عوام کو مبارک باد پیش کی ہے ۔ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی اس موقعہ پر لوگوں کو مبارک باد دی ہے ۔

بانڈی پورہ

ضلع ترقیاتی کونسل بانڈی پورہ کے چیر مین عبدالغنی بٹ اور ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران مالی سال 2025-26 کے ضلع کیپکس بجٹ

کے تحت مجوزہ منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ۔ میٹنگ میں منتخبہ عوامی نمائندوں کے علاوہ متعلقہ محکموں کے افسروں نے شرکت کی ، جس دوران ضلع کیپکس میں عوام کی ترقیاتی ضروریات کے مطابق منصوبے شامل کرنے کی تجاویز رکھی گئیں ۔

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ

کے احسن NEET-2025 ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سدن نے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران انعقاد سے متعلق ضلع میں قائم کئے گئے امتحانی مراکز میں تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا ۔ یہ امتحان چار مئی کو منعقد کیا جائے گا ۔

جموں

جموں ڈویژن شدید گرمی کی لپیٹ میں ہے جہاں دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 ڈگری سیلسیس سے بھی پار چل رہا ہے ۔ سخت گرمی کے پیش نظر وہاں محکمہ صحت کی جانب سے عوام کے لئے ایڈوائزری جاری کی گئی ہے کہ وہ دن میں شدید گرمی کے اوقات میں باہر گھومنے سے احتراز کریں اور دیگر احتیاطی تدابیر اختیار کریں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ